Engage - Involve - Empower
WELFARE ASSOCIATION JARED

Engage - Involve - Empower

عورتوں پر تشدد کے خاتمے کیلئے 16 روزہ عالمی مہم (25 نومبر 10 دسمبر 2012)

ویلفیئر ایسوسی ایشن جرید ایک غیر سرکاری ادارہ ہے، جو کہ محروم اور نظرانداز طبقات خاص کر خواتین اور بچوں کے حقوق کے لئے 1989 سے کام کر رہا ہے۔ ویلفیئر کے تجربے سے یہ بات واضح طور پر سامنے آتی ہے کہ ہمارے معاشرے میں خواتین کے خلاف تشدد بڑھتا جا رہا ہے۔ جسکی وجہ سے گھر، معاشرہ اور ملک بداعتمادی، خوف اور انتشار کا ہوتا ہوا نظر آ رہا ہے۔ خواتین کے خلاف تشدد کی بہت سی اقسام اور طریقہ کار موجود ہیں جن میں سے سب سے زیادہ گھریلو تشدد ہے۔ گزشتہ سالوں کی طرح ویلفیئر ایسوسی ایشن جرید نے اس سال بھی 16 روزہ مہم کا اہتمام کیا ہے۔ عورتوں پر تشدد کے خاتمے کیلئے 16 روزہ سرگرمیاں ایک سالانہ عالمی مہم ہے۔ جس کا آغاز 25 نومبر کو عورتوں پر تشدد کے خلاف عالمی دن سے ہوتا ہے۔ اور 10 دسمبر کو انسانی حقوق کے عالمی دن پر اس کا اختتام ہوتا ہے۔ 16 روزہ مہم کا مقصد عورتوں اور لڑکیوں پر ہر قسم کے تشدد کا خاتمہ ہے۔ یہ مہم خاص طور پر مردوں کی شمولیت حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ کیونکہ وہ اس مسلے کو ختم کرنے کے سلسلے میں خود حل ہیں . 1991 میں اپنے قیام سے لیکر اب تک یہ مہم مختلف ممالک کے ہزاروں گروپوں کیلئے پلیٹ فام بن چکی ہے جس میں تشدد سے زندہ بچ جانے والوں کیلئے امداد، پالیسی میں اصلاحات اور تشدد کے روک تھام کیلئے اقدامات کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ اس مہم کی منفرد اور خاص بات یہ ہے کہ خواتین کے خلاف تشدد پر صرف خواتین ہی نہیں بلکہ ہمارے معاشرے کے مہذب اور باشعور امن پسند مرد بھی اس کے خاتمے کیلئے اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ کیونکہ ویلفیئر ایسوسی ایشن جرید اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ تمام مرد تشدد پسند نہیں ہوتے اور تشدد کو روکنے کیلئے مرد اپنے ساتھی مردوں کو زیادہ موثر اور دوستانہ طریقے سے قائل کر سکتے ہیں اور ساتھ ویلفیئر ایسوسی ایشن جرید ان مردوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے جو کہ نا صرف غیر شدد پسند ہیں بلکہ تشدد کے خلاف بھرپور آواز بھی اٹھاتے ہیں۔

WELFARE ASSOCIATION JARED

Engage - Involve - Empower
WELFARE ASSOCIATION JARED

اس سال کا موضوع ہے خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کا خاتمہ

سفید ربن مہم کیا ہے؟

خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کیلئے اس سال 16 روزہ مہم کے دوران ایک سرگرمی خصوصا مردوں کی طرف سے ہوتی ہے جس کو سفید ربن مہم کہا جاتا ہے۔ اس کا آغاز 1989 میں ہوا جب کینیڈا کے شہر مون ٹریال میں ایک شخص نے ایک انجنیرنگ کالج میں 40 خواتین کو جمع کیا اور ان میں 16 کو صرف اس بات پر گولی مار کے ہلاک کر دیا کہ اس کے خیال میں وہ خواتین کالج میں داخلے کی اہل نہ تھیں اس واقعہ سے کالج کے ایک طالب علم مائیکل کفمین کو شدید صدمہ ہوا اور اس نے خواتین کے خلاف ہونے والے تشدد کے خاتمے کیلئے آواز اٹھانے کا فیصلہ کیا۔ مائیکل نے مردوں کے ایک گروہ کی مدد سے لوگوں کو یہ بتانا شروع کیا کہ تمام مرد تشدد پسند نہیں ہوتے۔ اس گروہ نے خواتین کے خلاف تشدد اور ناانصافیوں کے خاتمے کیلیے ایک مہم کا آغاز کیا جسے سفید ربن مہم کا نام دیا گیا۔ اس مہم میں مرد سفید ربن پہن کر خواتین پر تشدد کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں۔ اس وقت دنیا میں مردوں کی جانب سے عورتوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کیلئے یہ سب سے بڑی مہم ہے یہ مہم ہر سال 25 نومبر سے 10 دسمبر تک چلائی جاتی ہے۔ اور اس کے دوران مردوں میں خواتین کے خلاف ہونے والے تشدد اور ناانصافیوں کے متعلق آگاہی پیدا کی جاتی ہے۔ عموماً یہ تصور کیا جاتا ہے کہ تمام مرد تشدد پسند ہوتے ہیں لیکن یہ خیال غلط ہے۔ اکثر مرد خواتین پر تشدد کو برا سمجھتے ہیں اور خواتین کو تشدد سے پاک ماحول دینے کے خواہاں ہیں۔ اسی حوالے سے پوری دنیا میں 25 نومبر (خواتین کے خلاف کے خاتمے کا عالمی دن) سے 10 دسمبر (عالمی دن برائے انسانی حقوق) تک 16 روزہ مہم چلائی جاتی ہے۔ اور اس دوران ان مردوں اور خواتین میں، خواتین کے خلاف تشدد کے بارے میں آگاہی اور اسکے خاتمے کیلئے حساسیت پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تاکہ اس قبیح فعل کی نا صرف مذمت کی جائے بلکہ اس مسئلے سے نمٹنے کیلئے موثر قانون سازی کی ضرورت پر زور دیا جاتا ہے۔ ویلفیئر ایسو سی ایشن جرید اپنے تمام سٹاف ساتھی تنظیموں خصوصاً مردوں اور نوجوانوں سے درخواست کرتا ہے کہ وہ عورتوں پر تشدّد کے خاتمے کی مہم میں شریک ہوں چند ایک سرگرمیاں جو کی جا سکتی ہیں درجہ ذیل ہیں۔

- تحفظ خواتین اور عورتوں پر تشدد کے مسئلے پر بحث منعقد کریں جن میں مردوں کی شرکت اور شمولیت کو یقینی بنائیں۔
- اپنے رفقاء مردوں عورتوں کے شعور میں اضافہ کریں اور انہیں کہیں کہ وہ اپنی ذاتی طرز عمل میں اس کا اظہار کریں۔
- مقامی سماجی گروہوں میں تحفظ خواتین بل کو مہم میں تقسیم کریں۔
- عورتوں پر تشدد کے خلاف معلومات بلٹین بورڈز عوامی مقامات پر لگائیں۔

- جب کوئی آپ کو یہ بتائے کہ اس کے ساتھ تشدد، جنسی زیادتی یا ہراساں کئے جانے کا واقعہ ہوا ہے تو اس کی بات کو غور سے سنیں اور اس کی مدد کریں۔
- خیبر پختون خواہ میں تحفظ خواتین بل، گھریلو تشدد کے خاتمے کیلئے اور دوسری پالیسی اصلاحات کی منظوری کیلئے دستخطی مہم چلائیں جو کہ عورتوں کے حقوق کا تحفظ کرتے ہیں۔
- بروشر کی تقسیم، ریڈیو ٹاک شو، تھیٹر پرو فامینس۔

آیئے: آج سے عہد کریں کہ عورتوں کے خلاف تشدد ایک معاشرتی مسئلہ اور اس کیلئے قانون سازی کی جدوجہد کرنا ہم سب کیلئے از حد ضروری ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ:

شہزادہ محمد اسامہ غزالی

ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ

ویلفیئر ایسوسی ایشن جرید ہیڈ آفس نمبر 224 اقبال شاپنگ پلازہ مال روڈ ایبٹ آباد

فون نمبر: 340087-0992

ویب سائٹ: www.waj.org.pk